سوال

جب ہر نفس کو موت ہے تو جنت ودوزخ کس کے لیے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہر چیز کی خواہش کرنے والا ہے اور نفس ہی کو موت ہے تو بہشت ودوزخ کس کے لیے ہیں۔

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ ٱلْمَوْتِ --سورۃ آل عمران185

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

موت کے چکھنے سے مراد یہ ہے کہ بدن سے جان قبض کی جاتی ہے چنانچہ قرآن مجید میں ہے :

اللَّهُ يَتَوَفَّى الْأَنفُسَ حِينَ مَوْتِهَا --سورۃ الزمر42

ترجمہ :۔ خدا موت کے وقت جانوں کو قبض کرتا ہے۔''

نیز جب بہشت دوزخ میں داخل ہونے کا وقت ہوگا۔ روحیں بدنوں میں لوٹائی جائیں گی۔ قرآن مجید میں ہے :

وَإِذَا ٱلنُّفُوسُ زُوِّجَتْ --سورۃ التکویر7

ترجمہ :۔ ''اور جب جانیں (جسموں سے) ملادی جائیں گی۔''

نیز خدا خالق ہے وہ نیست سے ہست کر سکتا ہے۔ تو پھر بہشت ودوزخ کس کے لیے کہنے کا کیا مطلب؟

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

[کتاب الایمان، مذاہب، ج1ص176]